RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۴	روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ جون سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ۱۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۰۹ھ	نمبر ۲۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ نمبر
	احکام نواب جوڈیشل ممبر بہادر	
۱	رخصت حاکم عدالت خفیفہ —	۱
۲	استعفا و تقبول رحمت خان نائب جمعدار —	۲
۳	در باب تعیین رخصت ملازمین شفاخانہ جات —	۲
	حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر	
۴	حلیہ مسماۃ رجب گم شدہ —	۳
۵	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار —	ضمیمہ
۶ و ۷	نقشہ بارش سلف حیات رعایات — نقشہ نرخنامہ اجناس —	ضمیمہ

احکام نواب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

حاکم عدالت خفیفہ کی رخصت پندرہ روز منظور کی جاتی ہے پیشکار و نائب پیشکار بالاشتراک ورثہ شل سابق معمولی کام باستثناء فیصل خصومات انجام دینگے —

احکام ضابطہ جاری ہوں —

۱۰ جون ۱۸۹۲ء

اضافہ

بملاحظہ یادداشت صاحب مجسٹریٹ ضلع بدرخواست اضافہ مقبول احمد خان نائب جیلر زندان — حکم ہوا کہ

بفعل دو روپیہ اضافہ تنخواہ موجودہ پر کیا جاوے —

احکام حسب ضابطہ جاری ہوں — ۱۶ جون ۱۸۹۶ء

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقعہ ۱۳ مئی ۱۸۹۶ء
اقتباس یادداشت صاحب جوڈیشل اسسٹنٹ

حسب تجویز صاحب جوڈیشل اسسٹنٹ منظور ہے تجویز کمیٹی منضمہ صدر شفاخانہ یونانی متصدیان شفاخانجات متعلقات کو مطلع کردیں اور ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے —

یادداشت صاحب جوڈیشل اسسٹنٹ واقعہ ۲۹ مئی ۱۸۹۶ء

جواب گزارش ہوا تجاویز کمیٹی شفاخانجات منعقدہ ... دسمبر ۱۸۹۵ء یہ امر طے ہو چکا ہے کہ سال بھر میں ایک ہفتہ کی رخصت اتفاقی متصدیان شفاخانجات انگریزی و یونانی بابت کل ماتحتوں کو دیجاوے اس میں بلا منظوری اجلاس متعلق دو دو روز کی اتفاقی رخصت متصدیان شفاخانجات متصل اپنے ماتحتوں کو سال بھر میں دے سکینگے — اور زبانی گزارش صاحب حفظان صحت وقت معلوم ہوا کہ متصدیان شفاخانجات متعلقات یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ ہر ہفتہ میں دو دو روز کی اجازت منظور ہوئی ہے حالانکہ یہ بالکل خلاف تجاویز کمیٹی ہے اسکی بابت بالتصریح اعلان چھپنا چاہیے اور اونکو مطلع کیا جاوے کہ سال بھر میں دو دو روز کی رخصت اتفاقی اپنے ماتحتوں کو متصدیان شفاخانجات متصل دینے کے مجاز ہیں اس سے زیادہ نہیں دے سکتے — فقط

حکم صاحب چیف پریزیڈنٹ بہادر

درخواست ... منظور ہے اس دفتر گزٹ ... کا حلیہ درج گزٹ کیا جاوے — سررشتہ دار صدر تعمیل کریں — ۱ جون ۱۸۹۶ء

رپورٹ سررشتہ پولیس واقعہ ۵ جون ۱۸۹۶ء

جناب عالی

بتاریخ ۲۰ مئی ۱۸۹۶ء اطلاع ہوا ہے سماۃ رکھیا عمری پنجسالہ دختر گنگارام باشندہ چمیر علاقہ سوار گم ہوگئی ہے اور سماۃ کے پاس کوئی چیز زیور وغیرہ سے نہیں ہے صرف لہنگا سوسی و دوپٹہ گزی اوڑھے ہوئے تھی چنانچہ تلاش اوسکی ہورہی ہے اور نیز احکام جملہ تھانہ داران ریاست ضلع غیر ملحقہ میں جاری کئے گئے ہیں —

باامید اندراج حلیہ گزٹ ریاست ہذا ارسال حضور ہے —

حلیہ

سماۃ رکھیا دختر گنگارام عمری پنجسالہ باشندہ چمیر علاقہ سوار گندم رنگ چیچکرو فراخ پیشانی پیوستہ ابرو ...

حسب الحکم صاحب چیف پریزیڈنٹ بہادر
اعلان

عبد اللطیف ... متعلقہ تھانہ ... سے مفرورہ ... اشتہار حلیہ گزٹ ... مئی ۱۸۹۶ء میں شائع ہوا تھا رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سے واضح ہوا کہ عبد اللطیف گمشدہ دستیاب ہوگیا لہذا یہ اعلان درج گزٹ کیا جاتا ہے کہ اب تلاش بند کیجاوے

۱۰ جون ۱۸۹۶ء

... احمد ...

مطبوعہ ۱۰ جون ۱۸۹۲ع

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۴ مئی ۱۸۹۲ عیسوی

ہر ایک مد کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور اصل بنام تحصیل واپس ہو

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۵ مئی ۱۸۹۲ عیسوی

محمد غلام رسول خاں صاحب صدر نشین کمیٹی

لالہ جواہر لعل محرر منصرم سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

(۱) حکیم عباس علی خاں صاحب طبیب شفاخانہ ممبر

(۲) منشی عاشق علی صاحب محرر صفائی۔

غیر ملازمین

(۱) لالہ ایسری پرشاد مختار۔ ممبر

(۲) لالہ چنی لال ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) پہلے نسبت نیلام کہاد کے یہ تجویز ہوا تھا کہ بروقت مناسب نیلام کہاد کر دیا جاوے اب وقت فروخت کہاد کا آگیا ہے اگر صاحبان کمیٹی کی رائے ہو تو نیلام کہاد کر دیا جاوے۔	فی الواقع اب فروخت کہاد کا موقع و وقت مناسب ہے محرر صفائی اعلان کرا کر معین تاریخ پر مجمع عام میں کہاد نیلام کر دیں اور آخر بولی بغرض منظوری کمیٹی آئندہ میں پیش کریں۔

ملاحظہ شد ۲۴ مئی ۱۸۹۲ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۲) کمیٹی منعقدہ ۵ اکتوبر میں یہ تجویز ہو چکا ہے کہ گوبر اسپان سرکار بروز بازار اکثر عورتیں نور باغ اٹھا لیجاتی ہیں انکو ممانعت کرا دیجاوے مگر وہ باز نہیں آتیں اگر صاحبان کمیٹی کی رائے ہو تو باواز دہل منادی کرا دیجاوے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بروز بازار نسبت ممانعت اٹھانے گوبر کے باواز دہل منادی کرا دیجاوے۔

ملاحظہ شد ۲۴ مئی ۱۸۹۲ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۳) بال بچے منہے دل اقبال کے کنوئے پر پارچہ ناپاک دہوتے ہیں جسکی وجہ سے کنواں ناپاک ہوتا ہے۔	یہ بہت برائی کی بات ہے کہ کنوئیں کے پاس پر ناپاک کپڑے صاف کرکے کنوئیں کو ناپاک کیا جاوے لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نمبردار کو طلب کر کے اقرار نامہ لکھایا جاوے کہ اوسکے یہاں کی عورات یا بچے کنوئیں کے پاس پکڑے نہ دہودیں۔

ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۲ء

(۴) دفعات مندرجہ معائنہ گرد آور حفظان صحت بابت سوار خاص چو شیب اور قابل تجویز کمیٹی ہے دفعہ ۴ کو سب جو حالات ... تا صفائی کا کام بھی کرتا ہے اور اسکی تنخواہ ... تنخواہ مدرجہ اوسکی بھی چار روپیہ تنخواہ ہو جانا چاہئے۔	پہلے کمیٹی بھر اضافہ کی تجویز کر چکی ہے اور اب بھی کمیٹی کو گرد آور حفظان صحت کی رائے سے اتفاق ہے بطور یادداشت پھر اجلاس میں نواب جوڈیشل ممبر بہادر رپورٹ بھیجی جائے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۳ مئی ۱۸۹۲ء

(۵) دفعہ ۵ ... محرر کی تنخواہ صفائی کی ۵ روپے ایکروپیہ مقرر فرمایا جاوے۔	کمیٹی دربارہ اضافہ بھی رائے دے چکی ہے اور اب بھی گرد آور صاحب کی رائے سے اتفاق ہے رپورٹ بلجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر ارسال کیجاوے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۳ مئی ۱۸۹۲ء

(۶) کوڑہ اوٹھانے کیواسطے ... مقرر ہو جاویں تو علاوہ صفائی کے قیمت کوڑہ سے ایک رقم سرکار کی بھی وصول ہوگی۔	اسبارہ میں پہلے کمیٹی رائے دے چکی ہے بلکہ ایک رپورٹ بھی ارسال ہوئی ہے ہنوز کوئی حکم صادر نہیں ہوا۔

اسکے متعلق کاغذات مثل میں ہیں بعد انفصال ... کی بھی شامل ان کاغذات کے پیش ہو ۲۳ مئی ۱۸۹۲ء

(۷) دفعات مندرجہ معائنہ گرد آور حفظان صحت بابت موضع کھیرا۔ دفعہ ۷ موضع کھیرا کے مدان اور مالگزار سے اقرار نامہ بابت صفائی لے گئے ہیں مگر حکم کی تعمیل ابھی تک نہیں ہوئی۔	اسوقت جلسہ کمیٹی میں مالگزار و پٹواری کھیرا موجود تھے اونسے دریافت کیا گیا اونہوں نے بیان کیا کہ ہم حسب ہدایت ... بطور صفائی اپنے موضع کی کرا دی اور وقت دورہ گرد آور صاحب حفظان صحت کے معائنہ کرا دیا اونہوں نے فرمایا کہ صفائی بخوبی ہوگئی کمیٹی سے ہدایت ہوئی کہ آئندہ ... اپنے موضع کی صفائی کراتے رہو پھر نوبت شکایت کی نہ دینا۔

ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۲ء

(۸) ہر دو طرف ہمہ گھر و مکین گوبر کے انبار ہیں۔	مالگزار و کھیرپا نے بیان کیا کہ اب گوبر مکانات کی قدر نہیں پڑا آئندہ ہی صفائی رہیگی ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۶ء [illegible]
(۹) بغل و برابر سے گلیاں صاف نہیں ہیں۔	مالگزار و مقدمان کو کمیٹی نے ہدایت کردی کہ جن لوگوں کو استطاعت ہو اون سے حتی الامکان پاخانے بنوائے جاویں اور جو لوگ استطاعت نہیں رکھتے ہیں اور نیز بخوبی تنبیہ کردیں کہ آبادی سے فاصلہ پر مقامات مناسب پر پاخانہ و پیشاب کو جایا کریں اور ایک تجویز انضباط واسطے نگرانی کے تھانہ دار صاحب کے پاس بھیجی جاوے۔ ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۶ء [illegible]
(۱۰) ۹— خاکروب یہاں آباد ہیں اگر نصف تنخواہ سرکاری اور نصف تنخواہ مالگزار و پدھانان دیں تو بھنگی مقرر کر دیئے جاویں واسطے صفائی کے۔	مالگزار نے بیان کیا کہ ہمکو طاقت ادائے تنخواہ خاکروب نہیں ہے اور درحقیقت دیگر ایسے دیہات میں خاکروب مقرر نہیں ہوئے ہیں بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو بھنگی خانہ بخانہ اسامیان کے صاف کرتے ہیں اونکی تنخواہ میں بقدر کافی کچھ اضافہ کرکے صفائی اون سے کرادیا کریں مالگزار و پدھانان موجودہ جلسہ نے اس تجویز کمیٹی کو قبول و منظور کیا ہے۔ ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۶ء [illegible]
(۱۱) ۱۰— مذبوحی [illegible] الاغر۔	تھانہ جات میں داغ ہوچکے ہیں اور اب تھانہ دار کا سلسلہ اون میں صاحب الشین کمیٹی تحریر ضابطہ بنام تھانہ دار بھیجدیں کہ [illegible] الاغر [illegible] ہونے دیں۔ ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۶ء [illegible]
(۱۲) ۱۱— صفائی جابجات کھیریا۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مالگزار و پدھانان جو وقت کمیٹی میں موجود ہیں اونکو ہدایت کردی گئی کہ صفائی جابجات کی کرادیں اور صاحب نشین کمیٹی مالگزار و پدھانان [illegible]

ایک اقرارنامہ بھی سے لیں۔

ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۲ع

(۳) کمیٹی منعقدہ ۵ فروری مین مکان متروکہ محمد حسین پٹھان جو عبدالرحیم نے تیار کیا ہی بالاتفاق یہ رائے ہوئی تہی کہ عبدالرحیم سے نذرانہ لیاجاوے اب محرر صفائی اپنی رپورٹ مین لکہتے ہین کہ وہ جگہ محمد حسین نے عبدالرحیم کو اس غرض سے دی ہی کہ اوس مقام پر جو ایک قبر کہنہ ہی اوسکی وہ حفاظت و تعظیم و تکریم کرے صرف بطور حجرہ کے ایک مکان بنالیوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سکرٹری کمیٹی موقع پرجاکر قبر کا معاینہ کرین اور یہ بہی دیکہین کہ اوس مکان سے عبدالرحیم اور کوئی نفع تو نہین اوٹہاتا ہی۔

صاحب سکرٹری کمیٹی بعد تحقیقات کیفیت ارسال اجلاس کرین بالاظہار رائے۔ ۲۳ مئی ۱۸۹۲ع

(۴) رپورٹ صاحب صدرنشین کمیٹی۔ دو شیشی ادویات مرض وبائی جو اجلاس نواب جنرل اعظم الدین خان صاحب بہادر سے آئی ہین تجربہ سے معلوم ہوا کہ وہ واسطے مرض وبائی کے بہت نافع ہین اگر کمیٹی کی منشاء ہو تو منادی اسکی کرادیجاوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بر روز بازار بآواز دہل منادی کرادیجاوے کہ جس کسیکو مرض وبائی کی دوا کی ضرورت ہو وہ تحصیل سے لیجاوے بلاقیمت مل سکتی ہے۔

ملاحظہ شد ۲۳ مئی ۱۸۹۲ع

(۵) تربزہ و ککڑی کہانے سے اکثر لوگون کی زبانی و نیز تجربہ سے معلوم ہوا کہ اجکل اکثر نقصان پہونچتا ہے۔ اگر براے چندے کمیٹی کی تجویز ہو تو ممانعت کرادیجاوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تربزہ و ککڑی کی خرید و فروخت کی بازار مین منادی کرادیجاوے کہ ہرگز کوئی شخص ایسی اشیاء کا استعمال زیادہ نکرین۔

بترسیل نقل دفعہ ہذا بہتمم صدر شفاخانہ یونانی و مہتمم شفاخانہ انگریزی کیفیت طلب ہو مرقومہ ۲۵ مئی ۱۸۹۲ع

ضمیمہ گزٹ رامپور نمبر ۲۴ جلد ۱۸

مطبوعہ ۱۳ جون ۱۸۹۲ء

نقشہ بارش ریاست رامپور میں ابتدا سے ۷ جون لغایت ۱۱ جون ۱۸۹۲ عیسوی

تاریخ و دن	صدر — تعداد خط	صدر — افزون	تحصیل بلاسپور — تعداد خط	تحصیل بلاسپور — افزون	تحصیل سوار — تعداد خط	تحصیل سوار — افزون	تحصیل شاہ آباد — تعداد خط	تحصیل شاہ آباد — افزون	تحصیل ملک — تعداد خط	تحصیل ملک — افزون	ٹانڈہ — تعداد خط	ٹانڈہ — افزون	کیفیت
۷ جون ۱۸۹۲ء روز منگل	۲۴	۳۲	۴۰	۵۱	۲۲	۳۶	۴	۱۹	۱۶	۳۳	۰		
۸ جون روز بدھ	۰	۳۲	۰	۵۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	نقشہ نہیں آیا		
۹ جون روز جمعرات	۰	۳۲	۰	۵۱	۰	"	۰	"	۰	"	"		
۱۰ جون روز جمعہ	۰	۳۲	۰	۵۱	۰	"	۰	"	۰	"	"		
۱۱ جون روز شنبہ	۰	۳۲	۰	۵۱	۰	"	۰	"	۰	"	"		

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور میں ابتدای ۷ لغایت ۱۳ جون ۱۸۹۲ء

نام	پیدائش مرد — مسلمان	پیدائش مرد — ہندو	پیدائش عورت — مسلمان	پیدائش عورت — ہندو	میزان	تفصیل بلحاظ مذہب — مسلمان	تفصیل بلحاظ مذہب — ہندو	اموات، عمر کی پہلی جماعت — مرد	اموات، عمر کی پہلی جماعت — عورت	اموات، عمر کی دوسری جماعت — مرد	اموات، عمر کی دوسری جماعت — عورت	۱۲ سال سے زیادہ — مرد	۱۲ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل امراض — ہیضہ	تفصیل امراض — چیچک	تفصیل امراض — تپ	تفصیل امراض — متفرق	تفصیل امراض — میزان	کیفیت
صدر رامپور	۱۰	۵	۱۳	۵	۳۶	۳۰	۶	۴۳	۱۲	۲	۱	۳	۸	۲۸	۲۱	۲۹	۱۰	۷	۱۴	۰	۲۲	۲۹	۰
تحصیل [illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
بلاسپور	۱	۴	۱	۱	۵	۲	۵	۲	۱	۱	۲	۲	۳	۹	۶	۱۰	۵	۳	۰	۰	۱۱	۱۵	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
میزان	۱۸	۹	۱۴	۲	۴۳	۳۶	۱۱	۲۵	۱۳	۳	۳	۹	۱۱	۳۷	۲۸	۴۹	۱۵	۱۱	۱۸	۰	۳۵	۲۳	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور میں ابتدای ۷ لغایت ۱۳ جون ۱۸۹۲ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
[illegible]	۰	۱۳	۱۳	۱۵	۱۴	۱۴	
[illegible]		[illegible]	۲۰	۲۰	۲۰	۱۸	
[illegible]		۲۰	۲۱	۲۱	[illegible]	۲۰	
[illegible]		۰	۲۲	۲۲	۲۲	۰	
[illegible]	۰	۱۳	۱۳	۱۲	۱۲	۱۳	
[illegible]		۱۳	۱۲	۱۲	۱۲	۱۲	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]		[illegible]	۲۴	۲۵	۲۵	۲۴	
[illegible]		۲۶	۱۸	۲۲	۲۰	۲۰	
[illegible]		۲۰	[illegible]	۲۴	۲۵	۲۰	
		[illegible]	۲۳	۲۵	۲۲	۲۰	
		۹	۰	۱۰	۱۱	۱۰	
		۱۱	[illegible]	۱۱	۱	[illegible]	
[illegible]		[illegible]	۳	[illegible]	[illegible]	۳	
[illegible]		۲	۲	۲	۲	۱	
[illegible]		۹	۹	۸	۸	۸	
[illegible]		۶	۷	۸	۶	۷	
[illegible]		۹	۸	۹	۱۱	۸	